© rasailojaraid.com

## سالانہ امتحان 1439ھ کی جوابی کاپیوں پر نظر ثانی کے بعد پوزیشنوں میں اضافہ

وفاق المدارس کے سالانہ امتحان 1439ھ کی جوابی کاپیوں پر نظر ثانی کے بعد چند نئے طلبہ وطالبات نے صوبائی پوزیشنیں حاصل کی ہیں۔ وفاق المدارس کے ضابطہ کے مطابق امتحان میں پوزیشن کے لئے کم ازکم درجہ ممتاز میں کامیابی حاصل کرنا ضروری ہے۔ بعض صوبوں میں طلبہ / طالبات ممتاز نہ ہونے کی وجہ سے صوبائی پوزیشن نہیں تھی اور نظر ثانی کے بعد ممتاز آنے پر طلبہ / طالبات نے پوزیشنیں حاصل کر لیں۔ بعد از نظر ثانی نئی پوزیشنوں کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

**عالمیہ سال دوم بنین، صوبہ بلوچستان:** رقم الجلوس 558 رحیم اللہ بن محمد تاج جامعہ اسلامدادیہ سریاب مل کوئٹہ نے 495 نمبروں کے ساتھ صوبہ بلوچستان میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔ رقم الجلوس 547 عبدالخالق بن عبدالحکیم جامعہ امدادیہ سریاب مل کوئٹہ نے 490 نمبروں کے ساتھ دوسری پوزیشن حاصل کی اور رقم الجلوس 592 نصیب اللہ بن حبیب اللہ جامعہ عربیہ شمس المدارس غفور کالونی کوئٹہ نے 480 نمبروں کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی۔

**ثانویہ خاصہ بنین، صوبہ بلوچستان:** رقم الجلوس 1102 محمد جاوید بن نقیب اللہ جامعہ اسلامیہ مفتاح العلوم فیض آباد پشین نے 580 نمبروں کے ساتھ اول پوزیشن حاصل کی۔ جس سے رقم الجلوس 1241 عزت اللہ بن دارو خان دارالعلوم حرمزئی پشین کی 562 نمبروں کے ساتھ اول سے دوم پوزیشن ہوگئی جبکہ رقم الجلوس 2002 حافظ سید جمال بن مولوی سید احمد جامعہ مرکزیہ تجوید القرآن کوئٹہ اور رقم الجلوس 2211 نجیب اللہ بن حاجی سعد الملوک جامعہ ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کوئٹہ کی 545 نمبروں کے ساتھ تیسری پوزیشن ہوگئی۔

**ثانویہ عامہ بنین، صوبہ سندھ:** رقم الجلوس 17165 محمد سفیان بن محمد عامر جامعہ دارالعلوم کراچی کے کل نمبر 590 (صوبہ سندھ میں تیسری پوزیشن کے مساوی) ہوگئے ہیں، کوئی پوزیشن متاثر نہیں ہوئی۔

**درجہ متوسطہ، صوبہ بلوچستان:** رقم الجلوس 5274 محمد یوسف بن فضل کرم جامعہ اسلامیہ شمس العلوم غازی آباد کوئٹہ کے کل نمبر 660 (صوبہ بلوچستان میں دوسری پوزیشن کے مساوی) ہوگئے، کوئی پوزیشن تبدیل نہیں ہوئی۔

**درجہ عالمیہ سال دوم بنات، صوبہ بلوچستان:** رقم الجلوس 538 حبیبہ بنت محمد اشرف جامعۃ العلوم الاسلامیہ للبنات شاہ نو کر دا سٹریٹ کوئٹہ نے 509 نمبروں کے ساتھ دوسری پوزیشن حاصل کی۔

**درجہ عالیہ سال اول بنات، آزاد کشمیر:** رقم الجلوس 387 سعدیہ بنت عبداللہ بٹ جامعہ ادارہ دراسات اسلامیہ مظفر آباد کے کل نمبر 499 (آزاد کشمیر میں) تیسری پوزیشن کے مساوی ہوگئے۔ کوئی پوزیشن متاثر نہیں ہوئی۔

© rasailojaraid.com